© rasailojaraid.com



مولانا عبدالقیوم حقانی

# تعارف و تبصرۂ کتب

**درس قرآن**

افادات حضرت العلامہ مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی مدظلہ ۔ ۲۸ جلدیں مکمل ہدیہ ۱۴۰۰ روپے ۔ ناشر: دارالارشاد مدنی روڈ اٹک شہر

حضرت العلامہ مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی مدظلہ الامام الاہوری رحمہ کے خلیفہ اجل، محقق مصنف روحانی مربی، دردِ دل رکھنے والے مصلح امت اور مخلص داعی ہیں ان کا نام آتے ہی اخلاص، سوز و گداز اور اللہ تعالیٰ کے دین کی خیر خواہی اور تبلیغ و مدافعت کا روشن تصور مجسم ہوکر سامنے آجاتا ہے حلقہ ہائے رشد و ہدایت کے وسعتوں کے علاوہ ان کی بلند پایہ تصانیف اس کا شاہد عدل ہیں ان کی تمام تر مساعی اور شب و روز کے مشاغل کا بنیادی ہدف قرآن کی اشاعت و تبلیغ اور قرآنی تعلیمات کی ترویج ہے، درس قرآن مکمل (۲۸ جلدیں) بھی اس سلسلہ مقدس کی ایک سنہری کڑی ہے جس کی بیشتر جلدوں پر الحق کے صفحات میں تبصرہ و تعارف شائع ہوچکا ہے یہ سلسلہ درس واہ کینٹ کے احباب کے اصرار پر اپریل ۱۹۶۲ء میں شروع ہوا بالآخر مئی ۱۹۹۲ء میں اختتام پذیر ہوا جناب عثمان غنی بی اے بڑے اہتمام کے ساتھ اسے برابر کیسٹ سے نقل کرکے مرتب کرتے رہے اور "دارالارشاد" اٹک اسے شائع کرتا رہا۔ اب اٹھائیسویں جلد کی اشاعت سے درس قرآن مکمل ہوکر منظر عام پر آگیا ہے سادہ و سلیس ترجمہ، ربطِ آیات، اصلاح و موعظت کے اسباق، رشد و ہدایت کے مضامین، ضروری فقہی مسائل کا استخراج، دل پر اثر کرنے والے خلاصے، مستند تفاسیر سے اخذ و استنباط، سلفِ صالحین کا مسلکِ اعتدال، ذہنی اور فکری تربیت کی تحریری غرض ہر جلد علوم الہیہ کا گنجینہ اور اسلامی معارف کا خزینہ ہے کسی لائبریری، کسی گھر اور کسی بھی اصلاحی اور تعلیمی حلقے کو اس سے خالی نہیں ہونا چاہیئے ائمہ مساجد اور خطباء اپنے یومیہ درسی معمولات میں اسے شامل کریں لکھے پڑھے حضرات اپنے تعلیمی حلقوں میں اس کے پڑھنے اور افادہ و استفادہ کا معمول بنالیں کہ اس سے بڑھ کر اصلاح انقلاب امت کا اور بہترین راستہ کونسا ہوسکتا ہے عمدہ طباعت، مضبوط جلد بندی معیاری کاغذ، شدید مہنگائی کے اس دور میں قیمت معقول ہے مگر مدرسین اور طلبہ کے لیے مزید خصوصی رعایتی ہدیہ ۱۰۰۰ + ڈاک خرچ ۷۳ روپے پیشگی بھیجنے پر مکمل سیٹ کی ترسیل اس پر مستزاد۔

© rasailojaraid.com